[illegible]

بحمد اللہ کہ کتاب مستطاب تصنیف [illegible] جناب مولوی الٰہی بخش صاحب [illegible]

موسوم بہ

شریعت کا دُرّہ

۱۳۰۲ ھ

جناب [illegible] محمد عبد الغفور صاحب [illegible]

۱۲۸۵۵

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پس از حمد و صلوٰۃ اہل ایمان
الٰہی بخش خان کو ہدیہ ایمان

کرے تضمین نظم خیر نیک شان
کہ جسمیں ضبط ہے توحید یزدان

مگر واضح رہے یہ شوق تحریر
شعاع شمس حق کی ہے یہ تاثیر

مط

خدا دے جاہلونکو فہم و ادراک
کرین تا شرک و بدعت سے [illegible]

[illegible] آلائش پہ ڈال دین خاک
کرین [illegible] ل [illegible]

الٰہی [illegible] نیت سمائی

[illegible] توحید [illegible]

[illegible]

مصیبت یا خوشی میں اے ستمگار نبی ہوں یا ولی نیک کردار	فقط اللہ سے تو رکھہ سروکار نہ آپنے نیک و بد کا کوئی مختار

۵۴
خدا فرما چکا قرآن کے اندر
میرے محتاج ہیں پیر و پیغمبر

گدا کو وہ کرے خاقان و فغفور جو چاہے وہ کرے اس سے نہیں دور	حزیں کو وہ کرے شادان و مسرور سب اوسکے سامنے ناچار و مجبور

۵۵
نہیں طاقت سوا اوسکے کسی میں
کہ کام آوے تمھارے بیکسی میں

نبی و اولیا و غوث و ابرار اوسی نے سب طلب کی تھی جھپکا	جو ہوتے مبتلائے رنج و آزار تو اب میں پوچھتا ہوں تجھسے ای یار

۵۶
جو خود محتاج ہووے دوسرے کا
بھلا اوس سے مدد کا مانگنا کیا

تیرے دل میں یہ کیسا بل پڑا ہے خدا سے پھر ولی سے مانگتا ہے	ولی میں قدرت حق جانتا ہے یہ شرکت خالق و حق میں کیوں روا ہے

۵۷
خدا سے اور یہ رگوں سے بھی کہنا
یہی ہے شرک یارو اس سے بچنا

(۵) فرمایا اللہ تعالی نے سورہ اعراف میں قل لا املک لنفسی نفعا ولا ضرا الا ما شاء اللہ تو کہہ ای محمد کہ میں مالک نہیں اپنی جان کے بھلے برے کا مگر جو چاہے اللہ

ولی اللہ کے نام کا یہ مرغ و بکرا
اگر اپنے عقائد پہ مریگا
نہ کہنے مہر گز یہ تم شرک کا شیوہ
تو دوزخ مین سدا جلتا رہیگا

۸
خبر قرآن مین ہے یہ محقق
نہ بخشیگا خدا مشرک کو مطلق

ہوئے تم شرک کرکے گرچہ گمراہ
گنہگار و نکی بخشش ہوگی ہرگاہ
مگر توبہ کرو ہو اب بھی آگاہ
نہوگی مغفرت مشرک کی واللہ

۹
معاذ اللہ جسے اوسنے نہ بخشا
مقرر وہ جہنم مین پڑیگا

نبی کی منتین ہون یا علی کی
ہوئی تصریح قرآن مین اسیکی
شہید و نکی ہون یا دیگر ولی کی
کہ یہ قسمین ہین سب شرک جلی کی

۱۰
اگر قرآن کو سچ جانتے ہو
تو پھر تم منتین کیون مانتے ہو

بھلا یہ منتین حکم خدا ہے
کہین قول صحابہ یا ملا ہے
نبی نے [illegible] کو یا فرما دیا ہے
امام اور مجتہد نے یا لکھا ہے

۱۱
تمھین یہ طور کسنے [illegible]
تمھین نے کہان ہے یہ بتایا

مدد چاہین ولی سو صبح اور شام — خدا سے پہلے لیوین شیخ کا نام
غرض ایسو ہی بد ہین انکے سب کام — سمجھ اور بوجھ کے بہکے بد انجام

١٢
ہو شیطان دشمن اولاد آدم
سکھاتا ہے وہی راہ جہنم

خلائق کو سدا مکر و دغا سے — یہی ہے پھیرتا راہ خدا سے
اسی دھن مین ہو ظالم ابتدا سے — ارے لوگو بچو اس بجیا سے

١٣
کسیکو بت پرستی ہو سکھاتا
کسیکو ہے وہ قبرونپر جھکاتا

کہا کفار سے تربت کو پوجو — اسیکو بالیقین معبود جانو
مسلمانونکو بہکایا کہ یارو — تم اپنی حاجتین قبرونسے مانگو

١٤
غرض اللہ سے دونونکو روکا
بھلا کر راہ جا خندق مین جھونکا

جو وان کرتے ہین ہندو نکو پوجا — تو یان کرتے ہو تم قبرونکو سجدہ
برت کے روزہ کرتے ہین فاقہ — تو تم بھی غیر کا رکھتے ہو روزہ

١٥
مسلمانو ذرا سوچو تو دل مین
پھنسے ہو کسطرح تم آب و گل مین

ہمیشہ قبر ہی پوجا کئے تم
ولی کی منتین مانا کئے تم
سدا ناحق کو حق سمجھا کئے تم
خدا کے ذکر سے بھاگا کئے تم

١٦
نہت غفلت مین سوئے ابتو جاگو
خدا کے ہوتے بندون سے نہ مانگو

مصیبت آفت و رنج و بلا مین
نہین طاقت نبی و اولیا مین
اعانت منحصر جانو خدا مین
کہ کام آوین تمھارے التجا مین

١٧
وہ مالک ہے سب آگے اوسکے لاچار
نہین ہے کوئی اوسکے گھر کا مختار

کیا ایوب کو زخمون سے چنگا
سلیمان کو ہوا کا تخت بخشا
بچایا نوح کو طوفان سے کیسا
محمد کا بڑھایا سب سے رتبہ

١٨
وہ کیا ہے جو نہین ہوتا خدا سے
جسے تم مانگتے ہو اولیا سے

یہ اہلِ شرک کی دیکھو ڈھٹائی
یہ تہمت ہمپہ جاہلنے لگائی
جو سمجھاؤ تو ٹھنتی ہے لڑائی
کہ یہ ولیونکی کرتے ہین برائی

١٩
بیانِ شرک سنکے کہتے ہین مردک
کہ منکر ہین بزرگون سے یہ بیشک

کبھی منکر بتاتے ہین نبی سے
کبھی کہتے ہین یون بغض لی ہر
کہے آل نبی گا ہے علی سے
وہابی ہین یہ جلتے ہین ولی سے

۲۰
ارے لوگو زبان کو اپنے روکو
بزرگون سے نہین انکار ہمکو

اگر ہوتا نبی سے ہمکو انکار
نہوتے شرک اور بدعت سی بیزار
تو پھر سنت پہ کیون کرتے ہم اصرار
نکرتے بدعتی شرک سے تکرار

۲۱
خدا لعنت کرے اوس روسیہ پر
کہ جسکے دلمین ہو بغض پیغمبر

یزید و شمر کا ڈنکا بجا کے
محرم تم کرو بندے خدا کے
اہانت آل احمد کی سنا کے
عدو پھر ہم ہون شاہ کربلا کے

۲۲
جسے ہو بغض آل مصطفیٰ کا
خدا اوسکو کرے دوزخ کا کندا

صحابہ حضرت خیر البشر کے
رسول اللہ خوش تھے اونسے اکثر
فضائل مین سبھون سے بیشتر تھے
خدا اون سب پہ رحمت اپنی بھیجے

۲۳
جسے اصحاب حضرت سے ہو انکار
رہے ہر دم خدا کی اوسپہ پھٹکار

ولی اور غوث کو ہم مانتے ہین ہم اون کے مرتبے پہچانتے ہین	بزرگ اپنا انہین کو جانتے ہین مگر محتاج داور جانتے ہین
۲۴	جسے کچھ بغض ہووے اولیا سے ہمیشہ ابر لعنت اوسپہ برسے
کرے جو آیت قرآن کی تاویل ہو جسکے دل مین اہل حق کی تذلیل	نکالے سنتون مین قال و قیل ہے اوسکا پیشوا بیشک عزازیل
۲۵	اور اتنا اور بھی سُن رکھئے حضرت نہ جو حق پہ چلے اوسپر بھی لعنت
نصیحت کا اثر ہوتا نہین ہائے مگر ناصح کو لازم ہے کہے جائے	کہا تک کوئی یارو تمکو سمجھائے نہ مانے جو کوئی وہ اپنا سر کھائے
۲۶	ہمارا کام سمجھانا ہے یارو اب آگے چاہو تم مانو نہ مانو
سو جہاد ینی ہے کافی راہ ایمان تجھے اصرار سے کیا کام ارمان	نہ مانین گے تو خود ہونگے پشیمان خدا جانے کہ کیا ہو اپنا سامان
۲۷	تو اپنے حال مین کچھ سوچ خرم زبان اب بند کر واللہ اعلم

KBOPL
U891.4391 A303S